شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

01 ستمبر 2023ء

پریس ریلیز

سِسکتی اور بلکتی عوام پر بجلی کے بعد پیٹرول بم گرادیا گیا۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): سِسکتی اور بلکتی عوام پر بجلی کے بعد پیٹرول بم گرادیا گیا۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ کمر توڑ گرانی سے عوام کی زندگی پہلے ہی اجیرن ہو چکی تھی کہ پے در پے بجلی، پیٹرول، چینی، ادویات اور بنیادی ضروریات زندگی کی تمام اشیاء کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافہ نے عوام کو زندہ در گور کر دیا ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ایک سوچے سمجھے منصوبہ کے تحت عوام سے جینے کا حق چھینا جا رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ سودی قرضہ حاصل کرنے کے لیے آئی ایم ایف کے ساتھ سخت ترین شرائط پر کیے گئے معاہدوں نے ملک و قوم کو اس بُری طرح جکڑ لیا ہے کہ ہم کوئی فیصلہ اپنی مرضی اور عوامی مفاد میں نہیں کر پا رہے۔ پھر یہ کہ پون صدی سے اشرافیہ قومی خزانہ اور ملکی وسائل کو بے دردی سے لوٹ رہی ہے لیکن اُسے قانون کے شکنجے میں لانے کی کوئی جرأت نہیں کر رہا۔ ایک طرف عوام الناس کو مہنگائی کے پہاڑ تلے دبا دیا گیا ہے جبکہ اشرافیہ کی مراعات میں بدستور اضافہ کیا جا رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ملک کو درپیش تباہ کن معاشی اور سیاسی حالات کے سیاست دان اور سول اینڈ ملٹری بیوروکریسی سب ذمہ دار ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ ہم مہنگائی کے خلاف پر امن عوام احتجاج کی مکمل تائید کرتے ہیں اور اس مشکل گھڑی میں عوام کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان کو خارجی اور داخلی سطح پر مکمل طور پر خود مختار کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں۔ سود اور کرپشن کی بنیاد پر کھڑے کیے گئے استحصالی معاشی نظام کو جڑ سے اُکھاڑا جائے۔ قومی سطح پر کفایت شعاری کو بطور پالیسی اپناتے ہوئے قربانیوں کا آغاز اشرافیہ اور ریاستی اداروں سے کیا جائے۔ حکمرانوں اور مقتدر حلقوں کو غور کرنا ہو گا کہ عوام دشمن پالیسیوں کے باعث ملک میں اس قدر اضطراب اور اشتعال پیدا ہو چکا ہے کہ ملکی سلامتی بھی خطرہ میں پڑ سکتی ہے۔ اُنہوں نے زور دے کر کہا کہ پاکستان کے معاشی مسائل کا اصل حل یہ ہے کہ ملک میں اسلام کے عادلانہ معاشی نظام کو نافذ کیا جائے تاکہ عوام کے بنیادی مسائل بھی حل ہوں اور ملک ترقی اور خوش حالی کی طرف گامزن ہو سکے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 01 September 2023

"The masses already reeling from the increased electricity bills have been hit by a petrol bomb."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "The masses already reeling from the increased electricity bills have been hit by a petrol bomb."

This was said by the Ameer of Tanzeem e Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer lamented that the brutal rise in the prices of electricity, petrol, sugar, medicine and almost all items of basic necessity have gored the masses already miserable by the rampant inflation. It appears that under the guise of a well-thought-out plan, the right to live is being taken away from the people. The reality is that the harsh terms of agreements made with the IMF to obtain riba-based loans have trapped the nation to a point where we can no longer make decisions in our own national interest and for the welfare of the masses. Moreover, for 76 years, the elite have been plundering the national treasury and resources without any remorse, but no one dares to hold them accountable for their transgressions. On one hand, the common people are crushed under the weight of inflation, while on the other hand, the privileges of the elite are being constantly and unjustly increased. The truth is that the politicians and the civil and military bureaucracy are equally responsible for the country's dire economic and political conditions. The Ameer of Tanzeem e Islami said that we fully endorse the right to peaceful protest against inflation and in this difficult time, we stand shoulder to shoulder with the people of Pakistan. It is necessary to take steps at both the foreign and domestic levels to make Pakistan completely self-reliant. The exploitative economic system based on riba and corruption must be uprooted from its core. Austerity must be perused as a national policy, with necessary sacrifices starting from the elites and state institutions. The ruling elite must realize that due to the implementation of anti-public policies, the country is in such a state of turmoil and unrest that our national security may also be at risk. The Ameer emphasized that the real solution to Pakistan's economic issues is to implement a just economic system based on Islamic principles so that the fundamental problems of the people may be resolved, and the country may move towards progress and prosperity.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan